انجام دیتے تھے۔ آپ نے مدینہ یونیورسٹی سے سندِ فراغت حاصل کرنے کے بعد جامعہ لاہور الاسلامیہ (جامعہ رحمانیہ) میں تقریباً ۱۶،۱۷ سال تدریسی خدمات انجام دیں۔

جامعہ میں تدریس کے اس طویل عرصہ میں آپ نے ہزاروں شاگردوں کو تعلیم دی، آپ علمی رسوخ کے مالک تھے، حدیثِ نبوی کا خاص ذوق رکھتے تھے۔ متقی اور ملنسار تھے۔

آپ نے دو سال جامعہ اہل حدیث جامع مسجد قدس چوک دالگراں میں بطورِ نائب شیخ الحدیث خدمات بھی انجام دیں، چند سالوں سے آپ محترم حافظ ثناء اللہ مدنی کے ساتھ ترمذی شریف کی شرح کے سلسلہ میں معاون کی حیثیت سے بھی شریک ِکار تھے اور روزانہ وقت دیتے تھے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں ٹھکانہ نصیب فرمائے، ان کی لغزشوں کو معاف کرے اور حسنات کو قبول فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق دے۔

انہوں پسماندگان میں دو بیوہ اور ایک ننھی منھی چھوٹی بچی چھوڑی ہے۔

ایک نیک خاتون کا انتقال

حافظ محمد عبد اللہ محدث روپڑیؒ کے برادرِ خورد حافظ عبد الرحمنؒ امرتسری کی بیٹی اور حافظ عبد القادر روپڑیؒ کے چھوٹے بھائی حافظ محمود احمدؒ کی بیوہ اہلیہ بروز بدھ ۱۰؍مارچ ۲۰۰۴ء کو ۸۴ جے ماڈل ٹاؤن لاہور میں انتقال کر گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

مرحومہ بہت نیک، متدین، صوم وصلوٰۃ کی پابند اور مخیر خاتون تھیں۔ چند روزہ علالت کے بعد ۱۰؍مارچ بروز بدھ تقریباً ۱۱ بجے وفات پا گئیں۔ ان کی نمازِ جنازہ جامع مسجد رحمانی جے بلاک ماڈل ٹاؤن میں ۱۱؍مارچ کو بعد نمازِ عصر ادا کی گئی۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی حسنات کو قبول فرمائے اور لغزشوں کو معاف فرمائے اور جنت الفردوس میں ٹھکانہ نصیب فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق بخشے۔ اللہم اغفرلہا وارحمہا واعف عنہا

☆ محدث کی توسیع اشاعت میں آپ بھی اپنا حصہ ڈالئے اور اس ماہ کم از کم ایک دوست کو محدث کا خریدار بنائیں۔ یہ آپ کے لئے صدقہ جاریہ ہوگا، ان شاء اللہ
☆ مطالعہ کے شائق متعدد حضرات وسائل کی کمی کی بنا پر محدث کی خریداری نہیں کرسکتے۔ ایسے باذوق حضرات کو محدث جاری کروانا کارِ خیر سے کم نہیں جس کے لئے اہل خیر کو بڑھ چڑھ کر حصہ لینا چاہئے۔ اسی طرح طلبہ کے لئے محدث کا زرسالانہ صرف ۱۰۰ روپے ہے۔
☆ محدث میں اپنے اِدارے ر کتب اور مصنوعات کے اشتہارات دیکر کاروبار کو فروغ دیں!

www.KitaboSunnat.com